# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت النبی ﷺ کا موضوعاتی مطالعہ (سیاسی اور بین الاقوامی پہلو) (3906)　سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (سیرت سٹڈیز)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)**

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ:1-4)

سوال نمبر1- جزیرۂ عرب کی حدود بیان کریں۔ اسلام سے قبل اس خطے میں قائم اہم حکومتوں کا مختصر تعارف لکھیں۔ نیز اس خطے میں قبل از اسلام اور موجودہ دور کے سیاسی نظام اور طرزِ حکمرانی کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر2- مدینہ منورہ کی اسلامی ریاست کے استحکام میں میثاق مدینہ کے کردار پر مفصل نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر3- عہد نبوی میں مدینہ طیبہ میں قائم بازار کے نظام پر نوٹ لکھیں نیز اس کی روشنی میں پاکستان کے بازاروں کی اصلاح کے لئے تجاویز قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر4- موجودہ زمانے میں ایک اسلامی ریاست اپنی خارجہ پالیسی بنانے کے لئے سیرت طیبہ سے کس طرح راہنمائی حاصل کر سکتی ہے؟ تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5- مسلمانوں کو جہاد کی اجازت کب ملی؟ وضاحت کریں۔ نیز غزوہ تبوک کے واقعات و نتائج تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ سریہ کی تعریف کریں نیز سریہ حمزہ بن عبد المطلب اور سریہ عبداللہ بن رواحہ کے واقعات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد کے تناظر میں واضح کریں کہ میدانِ جنگ کی جغرافیائی صورتِ حال جنگی حکمتِ عملی میں کس حد تک مؤثر کردار ادا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر3۔ انسانی جان و مال اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے ریاست کی ذمہ داریوں پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ مسلمانوں کی سیاست کے مقاصد پر سیرت طیبہ کی روشنی میں تفصیلی نوٹ لکھیں نیز پاکستان کی سیاسی پارٹیوں کے لئے راہنما اصول متعین کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ جمہوریت، صدارتی نظام اور اسلام کے نظام حکومت کے تعارف و خصوصیات پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)